Nestlé Good food, Good life

Press Release

LAHORE, Feb 17, 2022

نیسلے پاکستان کے سالانہ مالی نتائج کا اعلان، بحالی کا اپنا سفر جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

لاہور: نیسلے پاکستان لمیٹڈ نے 2021 کیلئے اپنے سالانہ مالی نتائج کا اعلان کیا ہے۔ نیسلے پاکستان 2020 کے مقابلے میں آمدنی میں 12.2 فیصد اضافہ کے ساتھ 2021 میں بحالی کا اپنا سفر جاری رکھے ہوئے ہے۔ کمپنی نے اپنے آپریٹنگ کارکردگی کا اعلان کمپنی کے ہیڈ آفس میں منعقد ہ بورڈ آف ڈائریکٹر ز کے اجلاس کے اختتام کے بعد کیا۔

سال رفتہ کے دوران معاشی سرگرمیوں کی بتدریج بحالی نے کمپنی کوبلا تعطل سپلائی اور پراڈکٹس کی دستیابی، تقسیمی نظام میں متعدد بار توسیع اور برانڈز میں سرمایہ کاری کے ذریعے اختراعی اور تزئین و آرائش کی سرگرمیاں سر انجام دینے میں مدد دی۔حجم میں اضافہ،ویلیو چین اور پورٹ فولیو میں اخراجات میں بچت کیلئے اقدامات اور قیمتوں کے تعین کے نظام سے منافع میں بہتری لانے میں معاو ن ثابت ہوا۔

2021میں متعارف کرائے جانے والے پراڈکٹس میں ریڈی ٹو ڈرنک (Ready to Drink)اور تھری ان ون(3in1)میں کافی پراڈکٹس، نیسلے فروٹا وائیٹلز(Nestle Fruita Vitals) برانڈ کے تحت نئے صحت بخش مشروبات، ایوری ڈے کشمیری چائے، 5 گیلن میں نیسلے پیور لائف ایکٹو(Nestle Pure Life Active) ، نیڈو جی یو ایف نیوٹری ٹوڈز (NIDO GUFs Nutritods) اور نیسلے پروفیشنل کی طرف سے متعدد پراڈکٹس شامل ہیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز 2020 کے فی حصص 61 ۔روپے کے مقابلے میں فی حصص90 روپے کے حتمی نقد منافع منقسیمہ کی ادائیگی کی سفارش کرتے ہیں۔

کمپنی توقع کرتی ہے کہ افراط زر کی بلند شرح اور اشیاء ضروریہ کی بلندترین قیمتوں اور عالمی سپلائی چین میں تعطل کے باعث درپیش چیلنجز 2022 میں بھی جاری رہیں گے۔اس کے ساتھ ساتھ ٹیکسوں کے حوالے سے نافذ کئے گئے حالیہ اقدامات کے بھی صارفین کی پہلے سے متاثر قوت خرید پر منفی اثرات مرتب ہونے کا امکان ہے۔ ان سب کے باوجود کمپنی آپریشنل کارکردگی کے حصول کیلئے مسلسل اقدامات کے ساتھ مضبوط برانڈ ایکویٹی اور انتہائی پر لگن افرادی قوت سے استفادہ کرتے ہوئے بحالی کا اپنا سفر جاری رکھے گی۔

مزید معلومات کے لئے
محمد راحت حسین، کارپوریٹ اینڈ پبلک افیئرز منیجر نیسلے پاکستان
ای میلmuhammadrahat.hussain@nestle.com.pk